**17.05.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

**Music**

1 لوک سبھا انتخابات کے بقیہ مرحلوں کیلئے چناؤ مہم زوروں پر ہے۔ سبھی سیاسی پارٹیوں کے اہم رہنما ملک کے مختلف حصوں میں سرگرم طور سے چناؤ مہم میں مصروف ہیں۔

2 وزیرخارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت، ایک قائدانہ طاقت بننے کیلئے، سبھی طرح کی درکار قومی تقویت پیدا کرے گا۔

3 IMD نے راجستھان، پنجاب، ہریانہ اور دلی کے علاقوں کیلئے، منگل تک شدید گرمی کی پیش گوئی کی ہے

4 اور تھائی لینڈ اوپن بیڈمنٹن میں بھارتی کھلاڑی مردوں کے سنگلز، مردوں کے ڈبلز اور خواتین کے ڈبلز کے کوارٹر فائنل میں آج اپنے کھیل کا مظاہرہ کریں گے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**7th Phase Withdrawal**

لوک سبھا انتخابات کے آخری اور ساتویں مرحلے کیلئے نام واپس لینے کا آج آخری دن ہے۔ اِس مرحلے کے تحت سات ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام ایک علاقے کی کُل 57 لوک سبھا سیٹوں پر پہلی جون کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ساتویں اور آخری مرحلے کے تحت اترپردیش اور پنجاب کی تیرہ-تیرہ، مغربی بنگال کی 9، بہار کی 8، اوڈیشہ کی 6، ہماچل پردیش کی چار، جھارکھنڈ کی تین اور مرکز کے زیرانتظام علاقے چنڈی گڑھ کی ایک سیٹ پر پولنگ ہوگی۔ سبھی مرحلوں کے ووٹوں کی گنتی چار جون کو ہوگی۔ x

**CAMPAIGN SCHEDULE**

ملک بھر میں سرکردہ سیاسی رہنما، لوک سبھا انتخابات کے بقیہ مرحلوں کیلئے ایک کے بعد ایک ریلیاں کرنے میں مصروف ہیں۔ وزیراعظم اور بی جے پی کے سینئر رہنما نریندر مودی نے آج بارہ بنکی میں منعقدہ ایک سیاسی ریلی میں ٹی ایم سی اور سماج وادی پارٹی اتحاد پر نکتہ چینی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سماجوادی پارٹی نے اب بنگال میں پناہ لی ہوئی ہے اور اس کا سیاسی اتحاد صرف ووٹ بینک اور عوام کو خوش کرنے کیلئے ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ اگر کانگریس اور سماج وادی پارٹی اقتدار میں آگئیں تو ایودھیا میں رام مندر پر بلڈوزر چلوا دیں گی۔ جناب مودی آج حمیر پور حلقے میں بھی ایک ریلی سے خطاب کریں گے۔ سینئر بی جے پی رہنما اور مرکزی وزیر امت شاہ آج اترپردیش، اڈیشہ اور جھارکھنڈ کا دورہ کریں گے۔ X

**SITHARAMAN**

مرکزی وزیرخزانہ نرملا سیتارمن نے آج کہا ہے کہ پرائیویٹ شعبہ 2047 تک بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے میں بڑا رول ادا کرے گا۔ نئی دلی میں تجارتی تنظیم کی طرف سے منعقد کی گئی ایک تقریب میں محترمہ سیتارمن نے ملک کی ترقی کو، ترقی کی ایک ناگزیر داستان بتایا۔ مختلف اقتصادی تبصروں کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے زور دے کر کہا کہ اگلے پانچ سال میں عالمی شرح ترقی میں بھارت کا، 18 فیصد حصہ ہوگا۔ x

**NCW SWATI MALIWAL**

خواتین کے قومی کمیشن کی چیئرپرسن ریکھا شرما نے آج دلی کے وزیراعلی اروند کیجریوال کے پی اے کی، عام آدمی پارٹی کی راجیہ سبھا رکن سواتی مالیوال کے ساتھ مبینہ بدسلوکی کی مذمت کی ہے۔

نئی دلی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے محترمہ شرما نے کہاکہ یہ بڑی تشویش کی بات ہے کہ خواتین کے دلی کمیشن کی سابق سربراہ اور خواتین کے حقوق کی ایک ممتاز حامی کو اس طرح کی صورتحال کا سامنا کرنا پڑا۔ اُنھوں نے محترمہ مالیوال کی طاقت کو سراہا کہ انہوں نے اس سلسلے میں آواز اٹھائی اور ملزم کے خلاف شکایت درج کی۔ محترمہ شرما نے کہا کہ NCW نے ملزم کو ایک نوٹس بھیجا ہے اور اُن سے کل NCW کے سامنے پیش ہونے کو کہا ہے۔

اُنھوں نے مزید کہا کہ NCW ٹیم مزید تفتیش کیلئے وزیراعلی کی رہائش گاہ بھی پہنچ سکتی ہے۔ الزام ہے کہ اروند کیجریوال کے پی اے Bibhav نے حال ہی میں وزیراعلی کی رہائش گاہ پر سواتی مالیوال سے بدسلوکی کی ہے۔ X

**Nagaland ENPO**

ناگالینڈ کی کابینہ نے ایسٹرن ناگالینڈ پیپلز آرگنائزیشن (ENPO) سے اپیل کی ہے کہ وہ 26 جون کو ہونے والے شہری مقامی اداروں کے انتخابات میں شامل نہ ہونے کے فیصلہ پر دوبارہ غور کرے۔ پارلیمانی امور کے وزیر اور سرکاری ترجمان K G Kenye نے کہا کہ انھوں نے ENPO اور اس کے قانون ساز اداروں پر زور دیا ہے کہ وہ سپریم کورٹ کی ہدایات کے مطابق کرائے جانے والے ان انتخابات میں شامل ہوں۔

ENPO نے فرنٹیئر ناگالینڈ Territory کے اپنے مطالبے کی حمایت میں ناگالینڈ کی واحد لوک سبھا سیٹ کے لئے 19 اپریل کو ہونے والے انتخابات کا بائیکاٹ کیا تھا نیز اس نے 26 جون کو ULB انتخابات میں شامل نہ ہونے کا اعلان کیا تھا۔ x

## DGFT SUMMIT ON TRADE FINANCE

تجارت وصنعت کے، بیرونی تجارت کے جوائنٹ ڈائریکٹوریٹ-جنرل، Tirumala Venkatesh K نے آج خاص طور پر کہا ہے کہ کاغذ کا استعمال کئے بغیر، تجارت کی جانب بھارت کی پیش رفت قابل ذکر ہے۔

نئی دلی میں سب کی شمولیت والی ترقی سے متعلق تجارتی معیشت کے بارے میں پانچویں قومی سربراہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب Venkatesh نے کہاکہ ملک عالمی تجارت میں سہولت پیدا کرنے کی کوششوں میں پیش پیش ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہاکہ ایشیا بحرالکاہل کے ڈجیٹل اور مستقل تجارتی سہولت سے متعلق اقوام متحدہ کے اقتصادی اور سماجی کمیشن میں ملک کی کارکردگی، ترقی کی واضح طور پر عکاس ہے۔

اُنھوں نے تاجروں، متعلقہ فریقوں، بینکروں اور افسران سے بھی زور دے کر کہاکہ وہ ملک کی مستقبل کی ضرورتوں کو پورا کرنے کیلئے تجارتی معیشت کے میدان میں دنیا کے بہترین طور طریقوں، ٹیکنالوجی کے رجحانات اور مستقبل کی ترقی کے طور طریقوں کی نشاندہی کریں۔

اِسی دوران نیتی آیوگ کے سینئر ایڈوائزر سنجیت سنگھ نے زور دے کر کہا ہے کہ سن 2047 تک ملک کو ایک جدید ملک بنانے کیلئے تجارتی معیشت پر بات چیت کی جائے۔ X

## JAISHANKAR

وزیرخارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج کہا ہے کہ بھارت سبھی طرح کی درکار قومی تقویت پیدا کرے گا جس سے وہ آنے والے دنوں میں ایک قائدانہ طاقت بن جائے گا۔

نئی دلی میں تاجروں کی تنظیم کی طرف منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت کی کوشش یہ ہونی چاہئے کہ وہ تجارت کیلئے سازگار ماحول میں اپنی صلاحیت اور مقابلہ جاتی استعداد پیدا کرے۔

انہوں نے کہا کہ بھارت میں زبردست ترقی ہوئی ہے، بڑے پیمانے پر اصلاحات کی گئی ہیں، بنیادی طور پر حکمرانی کو بہتر بنایا گیا ہے، مالی ڈسپلن پیدا کیا گیاہے، بنیادی ڈھانچے میں ترقی ہوئی ہے، تیزی سے ڈجیٹائزیشن ہوا ہے اور بھارت میں ہنرمندی کو فروغ دینے پر توجہ دی گئی ہے۔ X

## India Mangolia Defence Meet

بھارت اور منگولیا کی دفاع کی وزارتوں کے درمیان مشترکہ ورکنگ گروپ کی بارہویں میٹنگ آج منگولیا کے شہر Ulaanbaatar میں اختتام پذیر ہوگئی۔ وزارت دفاع کے جوائنٹ سکریٹری امیتابھ پرساد اور منگولیا کے اُن کے ہم منصب بریگیڈیئر جنرل Gankhuyag Davagdorj نے مشترکہ طور پر اِس میٹنگ کی صدارت کی۔ منگولیا میں بھارت کے سفیر Atul Malhari Gotsurve نے بھی اِس میٹنگ میں شرکت کی۔ اس دو روزہ میٹنگ کے دوران دونوں ملکوں نے دفاعی تعاون پر اعتماد ظاہر کیا۔ وزارت دفاع کے مطابق اِس میٹنگ میں دو طرفہ تعاون کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا اور اِن شعبوں میں تعاون کو بڑھانے کے طور طریقوں پر بات چیت ہوئی۔ دونوں ملکوں نے موجودہ جغرافیائی سیاسی صورتحال پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔ x

## World Telecomm Day

آج ٹیلی مواصلات اور انفارمیشن سوسائٹی کا عالمی دن منایا جارہا ہے۔ اِس کا مقصد اُن امکانات کے بارے میں بیداری پیدا کرنا ہے تاکہ انٹرنیٹ اور دیگر معلوماتی اور مواصلاتی ٹیکنالوجی کا استعمال سوسائٹیوں اور معیشتوں تک پہنچ سکے۔ آج کے دن ملک میں شہریوں کو بااختیار بنانے کے اپنے غیرمعمولی سفر اور ڈجیٹل شعبے میں ایک عالمی لیڈر کی حیثیت سے اُس کے ابھرنے کا دن بھی منایا جاتا ہے۔ حالیہ برسوں میں ٹیلی کام سیکٹر میں خاطر خواہ ترقی کی ہے اور ٹیلی مواصلات کا محکمہ کلیدی بین الاقوامی شراکت داری اور اشتراک بھی قائم کررہا ہے تاکہ عالمی نوعیت کا ایک ٹیلی کام ماحولیاتی نظام قائم کیا جاسکے۔x

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے راجستھان، پنجاب، ہریانہ اور دلّی کے کچھ حصوں میں 21 مئی تک شدید گرمی جاری رہنے کا قوی امکان ہے۔ ملک کے مشرقی اور وسطی حصوں میں بھی اِس ماہ کی 18 تاریخ سے گرمی میں اضافہ ہونے کا امکان ہے۔

محکمۂ موسمیات نے 23 مئی تک بھارت کے جنوبی حصوں میں دور دور تک شدید بارش ہونے کی بھی پیش

گوئی کی ہے۔ جنوبی بھارت کے تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، کرناٹک، کیرالہ اور Mahe، ساحلی آندھرا پردیش، رائے سیما اور کرناٹک میں منگل تک شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ محکمے کے مطابق کیرالہ میں 20 اور 21 مئی کو بہت شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔

مشرقی بھارت میں اروناچل پردیش، سکم، آسام، منی پور اور میگھالیہ میں بھی پیر تک اسی طرح کے حالات رہنے کا امکان ہے۔

اگلے تین چار روز کے دوران شمال مغربی وسطی اور مشرقی بھارت میں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں بتدریج دو سے چار ڈگری سیلسیس کے اضافے کا بھی امکان ہے۔ x

## Thailand Open Badminton

بینکاک میں تھائی لینڈ اوپن بیڈمنٹن کے کوارٹر فائنل میں آج سہ پہر بھارتی کھلاڑیوں کا مقابلہ ہوگا۔ مردوں کے ڈبلز کے کوارٹر فائنل میں بھارت کے ستوک سائیراج رنکے ریڈی اور چراغ شیٹی کا مقابلہ، ملیشیا کے R. K. Yap اور J. Arif سے ہوگا۔

خواتین کے ڈبلزم میں آج سرکردہ کھلاڑی Tanisha Crasto اور اشونی Ponnapa کا مقابلہ جنوبی کوریا کی جوڑی Y. Lee اور S. C. Shin سے ہوگا۔ جبکہ مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں آج سہ پہر بھارتی کھلاڑی Meiraba Luwang Maisnam کا مقابلہ Kunlavut Vitidsam سے ہوگا۔ x

## Elorda CUP

قزاخستان کے شہر آستانہ میں خواتین باکسنگ میں موجودہ عالمی چمپئن نکہت زرین قزاخستان کی Tomiris Myrzakul کو پانچ-صفر سے ہراکر Elorda CUP 2024 کے خواتین کے 52 کلوگرام کے فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ نکہت کے علاوہ 58 کلوگرام کے زمرے میں میناکشی، 50 کلوگرام میں انامیکا اور 60 کلوگرام میں منیشا بھی فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ میناکشی اور منیشا نے سیمی فائنل میں شاندار طریقے سے پانچ-صفر سے جیت حاصل کی۔

فائنل مقابلے کل کھیلے جائیں گے۔ x

## Olympicks Table Tennis Squad

بھارت کی نمبر ایک خاتون ٹیبل ٹینس کھلاڑی مَنیکا بترا اور مایہ ناز کھلاڑی شرت کمل پیرس اولمپک 2024 کیلئے چھ رکنی بھارتی ٹیبل ٹینس ٹیم کی قیادت کریں گے۔ کل بھارت کی ٹیبل ٹینس فیڈریشن نے ٹیم کا اعلان کیا۔

بھارتی ٹیم کے سبھی 6 کھلاڑیوں کو عالمی درجہ بندی کی بنیاد پر منتخب کیا گیا ہے۔ شرت کمل بھارت کے مردوں کے سنگلز کے ٹیبل ٹینس کھلاڑی کی حیثیت سے سرفہرست ہیں اور عالمی درجہ بندی میں 40 ویں مقام پر ہیں۔ مانو ٹھکّر عالمی درجہ بندی میں 62 ویں اور قومی چیمپئن ہرمیت دیسائی 63 ویں مقام پر ہیں۔

مَنیکا بترا گزشتہ ہفتے Saudi Smash میں تاریخی جیت کے بعد عالمی درجہ بندی میں اب تک کے اپنے بہترین 24 ویں مقام پر آگئی ہیں۔ x

☆☆☆☆